© rasailojaraid.com

گذشتہ ماہ ان کے جواں سال بیٹے مولانا مفتی مطیع اللہ جمیل بجلی کا کرنٹ لگنے سے وفات پا گئے۔مولانا مفتی مطیع اللہ جمیل مرحوم،حضرت مولانا کلیم اللہ جمیل صاحب دامت برکاتہم مہتمم جامعہ اسلامیہ باب العلوم نز دغازی مسجد رائے ونڈ کے بھائی ہیں،مرحوم جامعہ خیرالمدارس ملتان کے فاضل اور دوران طالب علمی جامع مسجد خیرالمدارس کے نائب امام بھی رہے۔

## استاذ الحدیث مولانا سعید اللہ رحمہ اللہ

☆......جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کی شاخ گلشن عمر کے استاذ اور سابق ناظم تعلیمات مولانا سعید اللہ ۹ جولائی بروز منگل کراچی کے ایک نجی اسپتال میں انتقال کر گئے،انا للہ وانا الیہ راجعون۔مولانا سعید اللہ دو برس سے شوگر اور گردوں کے عارضے میں مبتلا تھے۔آپ کی نماز جنازہ میں حضرت مولانا محمد انور بدخشانی،حضرت مولانا فضل محمد یوسف زئی،ناظم وفاق المدارس صوبہ سندھ مولانا امداد اللہ،نائب مہتمم جامعہ بنوری ٹاؤن مولانا سید سلیمان بنوری،مولانا قاری مفتاح اللہ اور کثیر تعداد میں علماء وطلبہ نے شرکت کی۔مولانا سعید اللہ نیک سیرت و نیک خلق،متقی پرہیز گار عالم دین تھے۔وہ عرصہ ۳۵ برس سے جامعہ بنوری ٹاؤن سے وابستہ تھے۔مولانا کی عمر ۶۰ برس تھی،انہوں نے لواحقین میں پانچ بیٹے چار بیٹیاں چھوڑی ہیں۔

## مولانا عبد اللہ سورتی رحمہ اللہ

☆......۱۰ جولائی ۲۰۱۸ء کو انڈیا کے شہر سورت کے معروف عالم دین مولانا عبد اللہ سورتی ۸۵ برس کی عمر میں انتقال کر گئے،انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مولانا عبد اللہ سورتی گجرات کے مشہور مدرسہ دار العلوم فلاح دارین کے مہتمم اور متعدد علمی فلاحی تنظیموں کے سرپرست تھے۔انہوں نے دار العلوم دیوبند سے دورہ حدیث شریف کیا،آپ حضرت مولانا حسین احمد مدنی رحمہ اللہ کے براہ راست شاگرد تھے۔کافی عرصہ تک جامعہ اسلامیہ ڈابھیل اور جامعہ فلاح دارین میں بھی تدریسی خدمات انجام دیں۔آپ سے ہزاروں شاگردوں نے کسب علم کیا۔مولانا عبد اللہ سورتی صاحب قلم بھی تھے اور انہوں نے متنوع عنوانات پر مضامین لکھے۔انہوں نے علامہ بدر الدین عینی رحمہ اللہ کی حدیثی خدمات پر عربی میں مقالہ لکھا۔ان کی ایک درجن سے تصانیف اس کے علاوہ ہیں۔مولانا عبد اللہ سورتی رحمہ اللہ کی نماز جنازہ میں لاکھوں افراد نے شرکت کی۔

ادارہ وفاق المدارس کے اراکین وکارکنان دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت فرمائے اور ان کے درجات بلند فرمائیں(آمین)



© rasailojaraid.com